# 19-06-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ ریاستی نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرما آرکا نے کہا ہے کہ حکومت آئندہ پانچ سال کے دوران سیلف ہیلپ گروپوں کو ایک لاکھ کروڑ روپئے فراہم کرے گی۔

☆ ریاستی حکومت نے ریاست بھر میں طبی تعلیم کو بہتر بنانے کیلئے ٹاسک فورس قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پیٹ کے کیڑوں کی بیماریوں سے متعلق چیلنجس سے نمٹنے کیلئے حکومت کی جانب سے ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے گا۔

اور

☆ رواں برس حج ادا کرنے والے حاجیوں کے لئے شدید گرم موسم ایک بڑا مسئلہ بنا ہے جیسا کہ 550 سے زائد حاجی صاحبان، پچاس ڈگری سے زائد انتہائی گرم موسم کے باعث انتقال کر چکے ہیں۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کانگریس پارٹی کے لیڈر راہول گاندھی کو ان کی سالگرہ پر مبارک باد دی ہے۔ ریونت ریڈی نے ایک ٹوئیٹ میں کہا کہ راہول گاندھی ایک ایسی شخصیت ہیں جو تمام مخالفین کے خلاف مقابلہ کرتے ہیں اور کمزور طبقات کے ساتھ کھڑے رہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گاندھی واحد لیڈر ہیں جو آنے والے کل کے دوران ملک کی خواہشات کو پورا کریں گے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے کئی اضلاع میں آئندہ پانچ دن کے دوران مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے اور بجلیاں چمکنے کے علاوہ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ آئندہ سات دن کے دوران ریاست کے چند ایک مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بوندا باندی بھی ہوسکتی ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ تلنگانہ بھر میں جنوب مغربی مانسون کی صورتحال معمول کے مطابق ہے جبکہ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ضلع محبوب نگر میں کہیں کہیں شدید بارش ہوئی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ جونیئرس یونین ڈاکٹرس (ٹی ۔ جے یو ڈی اے) نے اپنے مطالبات کے لئے بار بار تقاضہ کرنے کے باوجود کوئی نتیجہ نہ نکلنے پر اس ماہ کی چوبیس تاریخ سے ریاست بھر میں ہڑتال شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اسوسی ایشن کی جانب سے ڈائرکٹر، میڈیکل ایجوکیشن، ڈاکٹر این وانی کو ایک نوٹس دیتے ہوئے اس ہڑتال کی اطلاع دی گئی۔ ڈاکٹرس کی تنظیم نے جونیئر ڈاکٹرس، ہاؤز سرجنس، پوسٹ گریجویٹس اور سینئر ریسیڈینٹس کو اسٹائی فنڈس کی بروقت ادائیگی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے ماہانہ 1.25 لاکھ روپئے تنخواہ کی اساس پر کنٹراکٹ کی بنیاد پر برسر خدمت اسسٹنٹ پروفیسرس کو بطور ڈاکٹر تقرر کئے جانے کا بھی مطالبہ کیا۔ انہوں نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ تلنگانہ اور آندھرا پردیش کے طلبہ کے لئے داخلوں کے نظام میں شفافیت لائی جائے اور ان کے لئے پندرہ فیصد تحفظات کی پابندی منسوخ کی جائے۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت، پیٹ کے کیڑوں سے ہونے والے امراض کے چیلنجس سے نمٹنے کے لئے ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہی ہے۔ ورلڈ سیکل سیل ڈے کے موقع پر مودی نے ان امراض پر قابو پانے کیلئے حکومت کے عزائم کو دہرایا۔ اپنے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے سال مرکز نے نیشنل سیکل سیل اینیمیا ایلیمینیشن مشن شروع کیا تھا۔ اور اس سلسلہ میں مسلسل شعور بیداری اقدامات کیے جاتے رہے ہیں۔ مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے کہا کہ حکومت امراض کا قبل از وقت پتہ چلانے کے عمل پر توجہ مرکوز کی ہوئی ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جارہا ہے کہ پیٹ کے کیڑوں سے متاثرہ افراد کو معیاری علاج فراہم کیا جائے۔

☆☆☆☆☆

قبائیلی امور کے مرکزی وزیر جووال اورم نے آج کہا کہ پیٹ کے کیڑوں سے ہونے والی بیماریوں کے تعلق سے سب سے بڑی غلط فہمی یہ ہے کہ یہ بیماری صرف قبائیلی افراد کو ہی لاحق ہوتی ہے۔ پیٹ کے کیڑوں سے ہونے والی بیماریوں سے متعلق ایمس نئی دہلی میں منعقدہ ایک شعور بیداری پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس بیماری سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو واقف ہونا چاہئے کیوں کہ اس سے کوئی بھی متاثر ہوسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس بیماری کے علاج کو انسانی نظریہ سے دیکھنے کی ضرورت ہے۔ وزیر نے مزید کہا کہ ان بیماریوں سے نمٹنے کیلئے گرام پنچایتوں اور آنگن واڑی میں بنیادی سطح پر اقدامات ضروری ہیں۔

☆☆☆☆☆

اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (ٹی جی ایس آر ٹی سی) کے انتظامیہ نے اعلان کیا ہے کہ کریم نگر بس اسٹیشن پر پیدا ہوئے ایک بچہ کو عمر بھر مفت سفر کیلئے بس پاس فراہم کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ آر ٹی سی بسوں اور بس اسٹیشنوں پر پیدا ہونے والے بچوں کو دی جانے والی مذکورہ سہولت میں ایک اضافہ ہے۔ آر ٹی سی کے انتظامیہ نے کریم نگر بس اسٹیشن پر ایک حاملہ خاتون کی انسانی بنیادوں پر مدد کرنے پر وہاں کے ارکان عملہ کو مبارک باد دی۔ آر ٹی سی کے ایم ڈی وی سی سجنار نے دیگر سرکردہ عہدیداروں کے ہمراہ اسٹاف کو تہنیت پیش کی۔

☆☆☆☆☆

رواں برس حج ادا کرنے والے حاجیوں کے لئے شدید گرم موسم ایک بڑا مسئلہ بنا ہے جیسا کہ 550 سے زائد حاجی صاحبان، پچاس ڈگری سے زائد انتہائی گرم موسم کے باعث انتقال کر چکے ہیں۔ سب سے زیادہ متاثر مصر کے حاجی ہوئے ہیں جہاں سے تعلق رکھنے والے کم از کم تین سو بیس حاجی سن اسٹروک کے باعث بیمار ہوئے ہیں۔ جدہ سے سفارتی ذرائع نے بتایا ہے کہ مصر سے تعلق رکھنے والے کم از کم ساٹھ شہریوں کا انتقال ہوگیا ہے اور اس تعداد میں اضافہ کا اندیشہ ہے۔ حاجیوں کو میدان عرفات میں دن کے وقت کئی گھنٹوں تک وقت گذارنا تھا جس سے ان کی طبیعت متاثر ہوئی۔ حج، اسلام کے پانچ فرائض میں سے ایک ہے۔ صاحب استطاعت مسلمانوں کیلئے زندگی میں کم از کم ایک مرتبہ حج کی سعادت حاصل کرنا فرض ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے آج کالیشورم پولیس اسٹیشن کے سب انسپکٹر بھوانی سین گوڑ کو دستور کی دفعہ 311 کے تحت خدمات سے برطرف کردیا۔ اس سلسلہ میں ریاستی حکومت کی جانب سے ایک حکمنامہ جاری کیا گیا ہے۔ تلنگانہ پولیس نے اپنی سرویس ریوالور کے ذریعہ ایک خاتون کانسٹبل کو دھمکاتے ہوئے اس کی آبروریزی کرنے کے معاملہ میں آج کالیشورم کے ایس آئی کو گرفتار کرلیا ہے۔ بھوانی گوڑ کا یہ گھناؤنا جرم اس وقت منظر عام پر آیا جب مذکورہ کانسٹبل نے اعلیٰ پولیس عہدیداروں کے پاس شکایت درج کرائی۔

☆☆☆☆☆

نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرما آرکا نے آج اس بات کی وضاحت کی ہے کہ حکومت زرعی قرضہ جات معاف کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے آئندہ پانچ سال کے دوران سیلف ہیلپ گروپوں کو ایک لاکھ کروڑ روپئے بھی فراہم کیے جائیں گے۔ حیدرآباد میں ایک میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بھٹی وکرما آرکا نے کہا کہ فلاحی پروگراموں کو نافذ کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ رقم خرچ کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرکز کی جانب سے مرکزی بجٹ پیش کیے جانے کے بعد ایک جامع ریاستی بجٹ اپنایا جائے گا۔ اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ مرکز کی جانب سے ذات پات پر مبنی مردم شماری کا کام شروع کرنا چاہئے، انہوں نے کہا کہ دولت اور وسائل کو آبادی کی بنیاد پر عوام میں تقسیم کرنے کی ضرورت ہے۔ ایک سوال کے جواب میں نائب وزیر اعلیٰ نے سابق وزیر جگا ریڈی کے اس مطالبہ کو دہرایا جس میں ایوان اسمبلی میں عدالتی تحقیقات کی بات کہی گئی تھی۔ جبکہ اب بی آر ایس پارٹی اس سلسلہ میں تعاون کرنے سے گریز کر رہی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاست کے صحت وخاندانی بہبود کے وزیر دامودر راج نرسمہا نے آج کہا ہے کہ حکومت نے طبی تعلیم کو ترجیح دی ہے اور میڈیکل کی تعلیم میں ریاست کو ایک اہم مقام پر لیجانے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں میڈیکل کالجوں کے انتظامیہ بشمول ڈینٹل، ڈینس اور پرنسپلس کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔ راج نرسمہا نے اس موقع پر بتایا کہ حکومت کی جانب سے ایک ٹاسک فورس قائم کی جائے گی تاکہ ریاست میں طبی تعلیم کو بہتر بنایا جاسکے۔

فینانس اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتا رامن نے آج نئی دہلی میں سرکردہ ماہرین معاشیات کے ساتھ ماقبل بجٹ ایک مشاورتی اجلاس کے پہلے دور کی صدارت کی۔ یہ اجلاس مرکزی بجٹ 25-2024 کے پیش نظر منعقد ہوا۔ ماقبل بجٹ مشاورتی میٹنگ میں مملکتی وزیر فینانس پنکج چودھری، فینانس کے سکریٹری، محکمہ مالی امور، ریونیو، فینانس، کارپوریٹ امور اور چیف اکنامک ایڈوائزر نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

نیشنل ایلائنس آف پیپلس مومنٹ نامی ایک رضا کارانہ ادارہ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو ایک خط روانہ کرتے ہوئے گزشتہ دس سال کے دوران پولیس سرویلینس انفراسٹرکچر کی تعمیر کے کاموں پر نظر ثانی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اس خط میں پولیس میں فی الفور جامع اصلاحات لانے، دستور اور حقوق انسانی کی خلاف ورزی کا سلسلہ روکنے اور ریاست میں اظہار خیال کی آزادی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کرنے پر زور دیا گیا۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے سینئر لیڈر و ایم ایل اے ہریش راؤ نے جونیئر کالجس کے کھل جانے کے باوجود انٹرمیڈیٹ کے طلبہ کو نصابی کتب کی فراہمی میں ناکامی پر ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ جونیئر کالجس کو کھل کر 19 جون ہو چکے ہیں تاہم اب تک نصابی کتابیں فراہم نہیں کی گئی ہیں۔ اس سے حکومت کی لاپرواہی کا اندازہ ہوتا ہے۔ ہریش راؤ نے الزام عائد کیا کہ حکومت معیاری تعلیم فراہم کرنے میں ناکام ثابت ہو رہی ہے۔ سابقہ ریاستی وزیر نے ایکس پر ایک پوسٹ میں یہ باتیں کہیں۔

☆☆☆☆☆